سوال

(437) رکوع اور سجدے میں قرآن مجید نہیں پڑھا جا سکتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

رکوع و سجود میں قرآن مجید کی کوئی دعائیہ آیت پڑھی جا سکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں! کیونکہ رکوع و سجود میں قرآن پڑھنا منع ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! میں رکوع اور سجدے میں قرآن حکیم پڑھنے سے منع کیا گیا ہوں۔ پس تم رکوع میں اپنے رب کی عظمت بیان کرو اور سجدے میں خوب دعا مانگو۔ تمہاری دعا قبولیت کے لائق ہوگی۔

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1

محدث فتویٰ